Directorate Of Education GNCT,DELHI

(Practice Question Paper 2023-24)

Subject : Urdu A

Class : IX

Code : 003

Time : 3 Hrs. Max Marks : 80

عام ہدایات:

(1) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(3) جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

## Section A (حصّہ الف)

سوال نمبر 1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھئیے ۔(5X1=5)

" ڈاکٹر مختار احمد انصاری 25 دسمبر 1880 کو غازی پور (اتر پردیش) میں پیدا ہوئے۔ وہ بچپن سے ہی ذہین اور محنتی تھے۔ ہندوستان میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد انہوں نے برطانیہ کا سفر کیا اور وہاں ڈاکٹری کی تعلیم مکمل کی۔ ہندوستان واپس آنے کے بعد ڈاکٹر انصاری عوام کی خدمت میں مصروف ہو گئے۔ کچھ عرصے بعد ترکی پر اس کے پڑوسی ملکوں نے حملہ کر دیا۔ ترکی کی حالت سن کر وہ بے چین ہو گئے۔ انہوں نے اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر ایک جماعت بنائی اور جنگ کے زخمیوں کے علاج کے لیے ترکی کا سفر کیا۔ مولانا شبلی نعمانی بھی اس جنگ سے بہت رنجیدہ تھے۔ جب لکھنؤ سے ٹرین روانہ ہوئی تو مولانا نے ڈاکٹر انصاری کے قدم چوم لیے اور رونے لگے۔ ترکی پہنچ کر ڈاکٹر انصاری اور ان کے دوستوں نے زخمیوں کی دل و جان سے خدمت کی۔"

(i) مختار احمد انصاری کہاں پیدا ہوئے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(ii) ڈاکٹر مختار احمد انصاری بچپن میں کیسے تھے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) ترکی پر کس نے حملہ کیا؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے ڈاکٹر مختار احمد انصاری نے کہاں کا سفر کیا؟

(a) ۔امریکہ کا (b)۔ برطانیہ کا

(c)۔آسٹریلیا کا (d)۔ جاپان کا

(v) ترکی پہنچ کر انصاری اور ان کے دوستوں نے کیا کیا؟

(a) سیر و تفریح (b)۔ تجارت

(c)۔ملازمت (d)۔ جنگ کے زخمیوں کی دل و جان سے خدمت

سوال نمبر-2 مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (5X1=5)

سکھ ہوتو دل کھل جاتے ہیں دکھ ہو تو آنکھ بھر آتی ہے
دکھ سکھ کی دنیا ایک ہی ہے تفریق دھری رہ جاتی ہے
پودے تو ہزاروں ہوتے ہیں ٹہنی کی لچک تو ایک سی ہے
وہ پورب ہو یا پچھّم ہو پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے

(i) شاعر نے نظم کے اس بند میں کیا پیغام دیا ہے؟

(ii) شاعر کے مطابق اگر سکھ ہو تو دل ---------؟

(iii) 'ٹہنی کی لچک تو ایک سی ہے' 'ایک سی' کا مطلب کیا ہے؟

(iv) 'آنکھ بھر آنا' کے کیا معنی ہے؟

(a)۔خوش ہو جانا (b)۔روشنی بڑھ جانا

(c)۔صاف صاف دکھائی دینا (d)۔رو دینا

(v) مصرعہ مکمل کیجیے: دکھ ہو تو آنکھ ---------؟

(a)۔کھل جاتی ہے (b)۔نم ہو جاتی ہے

(c)۔بھر آتی ہے (d)۔بند ہو جاتی ہے

سوال نمبر-3 مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5X1=5)

شادی یا بربادی! کتنی بربادیاں اس نے اپنے چاروں طرف دیکھی تھیں۔ اماں کی زندگی۔ بھابھی کا انجام، اس کی پیاری سہیلی منورما کی خودکشی، اس کی ٹیچر کی تنہا اداس زندگی دو چار نہیں بیسوں ناکام شادیوں کو اس نے دیکھا تھا۔ یہ شادی بربادی کیوں بن جاتی ہے؟ عورتیں تو مردوں کو الزام دیتی ہیں مگر کیا ان کا قصور کچھ نہیں ہوتا؟ کیا یہ حقیقت نہیں کہ شادی شدہ زندگی کو کامیاب اور مسرور بنانا عورت کا کام ہے۔ نباہنے کی ذمہ داری مرد سے زیادہ عورت پر آتی ہے۔ اگر وہ چاہے تو؟ کیا نباہ نہیں ہو سکتا؟ اس نے اگر شادی کی تو۔ نہیں نہیں۔ وہ لرز اٹھی۔ جانے کیا انجام ہو۔ وہ ابھی شادی نہیں کرے گی۔ ایم۔اے۔ کرنے کے بعد پھر سوچے گی۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ii) اس سبق کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(iii) خودکشی کس نے کی؟

(iv) عورتیں کس کو الزام دیتی ہیں؟

(a) مردوں کو (b) ماؤں کو (c) بہنوں کو (D) سہیلیوں کو

(v) ' قصور ' کا مطلب کیا ہے؟

(a) کمی (b) غلطی (c) انجام (d) ناکامی

سوال نمبر4۔ درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5X1=5)

ہم ہیں متاع کوچہ و بازار کی طرح
اٹھتی ہے ہر نگاہ خریدار کی طرح

وہ تو کہیں ہے اور ،مگر دل کے آس پاس
پھرتی ہے کوئی شے نگہ یار کی طرح

(i) درج بالا شعری اقتباس شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(ii) اس اقتباس کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(iii) دل کے آس پاس کون سی شے پھرتی ہے؟

(iv) لفظ 'کوچہ' کے کیا معنی ہیں؟

(a)۔محلّہ (b)۔گلی (c)۔بازار (d)۔سڑک

(v) 'وہ تو کہیں ہے اور' کس کی طرف اشارہ ہے؟

(a) خریدار کی طرف (b)۔محبوب کی طرف (c)۔بازار کی طرف (d)۔سڑک کی طرف

## Section B (حصّہ ب)

سوال نمبر5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300-250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (1x10=10)

(i) بے روزگاری کے اسباب

(ii) انفارمیشن ٹکنالوجی

(iii) عورتوں کی تعلیم

سوال نمبر6۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام اردو میں کہانیوں کی کتابیں منگوانے کے لیے درخواست لکھیے۔ (1X4=4)

یا

اپنی بہن کو خط لکھ کر پاس ہونے کی مبارکباد دیجیے۔

سوال نمبر7 رشید احمد صدّیقی کی سوانح حیات اور ادبی خدمات تحریر کیجیے۔ (1X4=4)

یا

سبق 'مگر وہ ٹوٹ گئی' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر8۔ 'ولی محمّد ولی' کے حالات زندگی اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔ (1X4=4)

یا

''تعلیم سے بے توجّہی کا نتیجہ'' کا مرکزی خیال لکھیے

سوال نمبر9۔ فیض احمد فیض کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔ (1X3=3)

یا

نظم 'کیے جاؤ کوشش' کا مرکزی خیال اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔

## Section C (حصّہ ج)

سوال نمبر10۔ (i) اسم عام کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔ (2)

(ii) مرزا اسد اللہ خان غالب کے نام میں " غالب " کیا ہے؟ (1)

(a) خطاب (b)۔لقب (c)۔کنیت (d)۔تخلص

(iiii) فعل کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔ (2)

سوال نمبر11۔ (i) ضمیر غائب کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (2)

(ii) صفت کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟ (1)

(a) تین (b)۔دو (c)۔چار (d)۔ایک

(iiii) استعارہ کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔ (2)

سوال نمبر12۔ (i) درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (4)

ہچکی بندھنا، کانٹوں میں پیر رکھنا، طبیعت سیر ہونا، گلے کا ہار ہونا

(ii) آنکھ سے اوجھل ہونا، کے معنی لکھیے۔ (1)

(iii) ہزاروں میں کھیلنا کا مطلب ہے: (1)

(a)۔بہت غریب ہونا (b)۔بہت مالدار ہونا (c)۔مایوس ہونا (d)۔اداس ہونا

سوال نمبر13۔ صنعت تجنیس کی تعریف مع مثال کے لکھیے۔ (2)

سوال نمبر14۔ (i) صفت نسبتی کی تعریف مع مثال کے لکھیے۔ (1)

(ii) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ (1)

(a)۔استعارہ (b)۔کنایہ (c)۔مبالغہ (d)۔تشبیہ

## Section D (حصّہ د)

سوال نمبر15۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) سرسیّد نے برس کی اخیرات کا ذکر کس طرح کیا ہے؟

(ii) عبّاسی کی واپسی سے نصیر پر کیا اثر ہوا؟

(iii) وہ اپنے ساتھ سفر میں کیا کیا سامان لے جا رہے تھے؟ ڈراما 'خدا حافظ' کی روشنی میں جواب لکھیے۔

سوال نمبر 16۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) کون سی چیز شاعر کے سینے کا غبار کھو رہی ہے؟

(ii) جلوہ گہہ ناز سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(iii) تعلیم کی قدر و قیمت کیا ہے؟

سوال نمبر 17۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) گلشن کا کاروبار چلنے سے کیا مراد ہے؟

(ii) مجنوں نے لیلی کی ماں کو کیا جواب دیا؟

(iii) تہذیب کی یکجہتی کسے کہا گیا ہے؟

سوال نمبر 18۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (1x3=3)

(i) انشائیہ (ii) قطعہ

☆☆☆